F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099
Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:18/07/2019

فارسی زبان میں ہماری تاریخ وتہذیب کی جڑیں پیوست ہیں: ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد

قومی کونسل کے صدر دفتر میں 'فروغ فارسی زبان' پینل کی میٹنگ

نئی دہلی: فارسی زبان میں ہماری تاریخ وتہذیب کی جڑیں پیوست ہیں۔ایک عرصہ تک ہمارے ملک میں اس زبان کا بول بالا رہا ہے۔اس زبان نے گنگا جمنی تہذیب کی ترجمانی کا بھی فریضہ انجام دیا ہے۔لیکن آج ہندوستان میں اس کا دائرہ سکڑتا جارہاہے،ضرورت اس بات کی ہے کہ فارسی زبان کے تحفظ اور فروغ کی جدوجہد کی جائے۔ان خیالات کا اظہار قومی کونسل برائے فروغ اردوزبان کے ڈائریکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے فروغ اردو بھون میں 'فروغ فارسی زبان' کے موضوع پر منعقدہ پینل کی میٹنگ میں کیا۔انھوں نے کہا کہ فارسی سے اردو کا بھی مضبوط اور گہرا رشتہ ہے۔اردو کے اچھے اسکالر ہونے کے لیے فارسی دانی بہت ضروری ہے۔انھوں نے مزید کہا کہ فارسی کی تاریخی وتہذیبی اہمیت کے پیش نظر قومی کونسل فارسی زبان کے فروغ کے لیے گزشتہ کئی برسوں سے کوشاں ہے۔ ملک کے مختلف حصوں میں فارسی کے سینٹر چلارہی ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگ ان سینٹروں سے فارسی سیکھیں۔اسی کے ساتھ فارسی کے قیمتی ذخیرے کو اردو میں منتقل کرنے اور ترجمہ کرنے کا کام بھی کونسل کررہی ہے۔انھوں نے کہا کہ عنقریب داراشکوہ کی تمام کتابوں وتحریروں پر مشتمل کلیات کو کونسل کی جانب سے شائع کیا جائے گا۔

پروفیسر شریف حسین قاسمی نے داراشکوہ پر باضابطہ کام سے متعلق کونسل کے ڈائریکٹر کے عزم کو سراہا اور کہا کہ داراشکوہ پر کام وقت کی اہم ضرورت ہے اور یقیناً یہ کونسل کا بڑا کارنامہ ہوگا۔انھوں نے اس کام کی ضرورت واہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ اس طرح ہندوستان کے ایک عہد کی تاریخ محفوظ ہوجائے گی ۔ پروفیسر آزرمی دخت صفوی نے کہا کہ کونسل کی جانب سے فارسی زبان وادب پر کیا جانے والا کام تسلی بخش، معیاری اور اہمیت کا حامل ہے۔انھوں نے کہا کہ 'ہندوستان میں فارسی ادب کی تاریخ' کے حوالے سے کونسل جو کام کرنے جارہی ہے، اس کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔

میٹنگ میں کونسل کے زیر اہتمام چل رہے فارسی کے تمام کاموں کا سنجیدگی سے جائزہ لیا گیا اور کام کی رفتار کو تیز کرنے کے لیے متعدد تجاویز پر غور وخوض کیا گیا، متعدد نئے منصوبوں پر بھی بات کی گئی۔ میٹنگ میں فارسی کے جن ادبا وماہرین نے شرکت کی ان میں پروفیسر عین الحسن، پروفیسر حسن عباس، پروفیسر جمیل احمد، منصور عثمانی، پروفیسر عبدالحلیم، پروفیسر قاضی حبیب، پروفیسر عثمان غنی کے نام خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ علاوہ ازیں میٹنگ میں ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی اسسٹنٹ ڈائریکٹر اکیڈمک، ڈاکٹر فیروز عالم اسٹنٹ ایجوکیشن آفیسر، محمد ساجد الحق اور یوسف رامپوری بھی شریک رہے۔آخر میں قومی کونسل کے ڈائریکٹر جناب ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے مہمانان وشرکاء کا شکریہ ادا کیا۔

(رابطہ عامہ سیل)